**14.02.2025**
**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شبانہ رحمٰن
Music

..................................................................

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ خواب دیکھنے اسے حقیقت کی شکل دینے اور اپنا تعاون پیش کرنے کے لیے ملک کی خواتین کی طاقت میں اضافہ ہو رہا ہے۔
☆ وزیراعظم نریندر مودی امریکہ اور فرانس کا کامیاب دورہ ختم کرنے کے بعد وطن واپس ہو رہے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ بھارت اور امریکہ، بھارت بحرالکاہل خطے میں امن استحکام اور خوشحالی کو بڑھانے کے لیے مل کر کام کریں گے۔
☆ CBSE بورڈ امتحانات کل سے شروع ہو رہے ہیں۔
☆ پریاگ راج میں جاری مہاکنبھ، دنیا کی ایسی پہلی بڑی تقریب بن گئی ہے جس میں 50 کروڑ سے زیادہ لوگوں نے شرکت کی۔
☆ 38ویں قومی کھیل، اتراکھنڈ، ہلدوانی میں اختتام پذیر ہوگئے۔ میگھالیہ ریاست اگلے کھیلوں کی میزبانی کرے گی۔
☆ اور خواتین کے پریمئر لیگ کرکٹ میں، Vadodara میں پہلے میچ میں گجرات جائنٹس اور رائل چیلنجرس بینگلورو کا میچ جاری ہے۔

..................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

### President Karnataka Visit

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے خواتین پر زور دیا ہے کہ وہ بڑے خواب دیکھیں اور اپنے خوابوں کو پورا کرنے کے لیے ہمت، طاقت اور صلاحیت پیدا کریں۔ صدر جمہوریہ بینگلورو میں آرٹ آف لیونگ انٹرنیشنل سینٹر کے ذریعے منعقد دسویں بین الاقوامی خواتین کانفرنس کے مندوبین سے خطاب کر رہی تھیں۔

S/B - President Women

صدر جمہوریہ نے کہا کہ ذہنی صحت ایک بامقصد زندگی گزارنے کے لیے ہر عورت کے لیے نہایت ضروری ہے۔

S/B - Prez. Mental Health

صدر جمہوریہ نے کہا کہ ہر انسان کو ہمدردی، محبت اور یکجہتی جیسی انسانی اقدار کو فروغ دینے کے لیے شعوری طور پر اور محنت کرنی چاہیے۔×

## EVE PM US Visit

وزیر اعظم نریندر مودی امریکہ کے کامیاب دورے کے بعد، بھارت واپس آرہے ہیں۔ وہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی دعوت پر وہاں گئے تھے۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے دوسری بار عہدہ سنبھالنے کے بعد وزیر اعظم کا امریکہ کا پہلا دورہ تھا۔ دورے کے دوران جناب مودی نے واشنگٹن میں صدر ٹرمپ کے ساتھ باہمی بات چیت کی ہے۔ وہائٹ ہاؤس میں باہمی تبادلہ خیال کل دیر رات شروع ہوئی اور تقریباً چار گھنٹے تک جاری رہی۔ بات چیت کے دوران پہلے محدود فورمیٹ میں بات ہوئی اور عشائیے پر وفد کی سطح کا وسیع تبادلہ خیال ہوا۔ بات چیت کے دوران کلیدی اور سکیورٹی تعاون، دفاع، تجارت، اقتصادی روابط، ٹیکنالوجی، توانائی سکیورٹی اور عوام سے عوام کے رابطے کے ساتھ ساتھ باہمی تشویش کے علاقائی اور عالمی معاملات سمیت تعلقات کے تمام پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

دونوں رہنماؤں نے اکیسویں صدی کیلئے مشترکہ طور پر بھارت-امریکہ COMPACT کا بھی اجرا کیا۔ اِس COMPACT کا مطلب فوجی شراکت داری، تجارت اور ٹیکنالوجی کے فروغ میں مواقع سے فائدہ اٹھانا ہے۔ تجارت اور سرمایہ کاری کے شعبے میں دونوں رہنماؤں نے مشن 500 شروع کیا جس کا مقصد 2030 تک مجموعی باہمی تجارت کو 500 بلین ڈالر سے زیادہ کرنا ہے۔

وزیر اعظم مودی اور صدر ٹرمپ نے 2025 کے اختتام تک باہمی طور پر سودمند کثیر شعبہ جاتی باہمی تجارتی سمجھوتے کے پہلے حصے پر بات چیت شروع کرنے کے منصوبوں کا بھی اعلان کیا۔ دونوں ملکوں کے درمیان کلیدی شراکت داری میں دفاع، آپسی تعاون کا ایک نہایت ہی اہم شعبہ ہے۔

دونوں رہنماؤں نے اکیسویں صدی میں امریکہ-بھارت اہم دفاعی شراکت داری کیلئے دس سالہ ایک نئے فریم ورک کو حتمی شکل دینے کے منصوبے کا بھی اعلان کیا۔ یہ فریم ورک 2025 سے 2035 تک جاری رہے گا اور توقع ہے کہ اِس سال کے اختتام تک مکمل کرلیا جائے گا۔ دونوں رہنماؤں نے زمینی اور فضائی نظاموں سمیت مختلف پلیٹ فارم پر جاری دفاعی سازوسامان حاصل کرنے کے سمجھوتے اور مشترکہ پروڈکشن سمجھوتوں پر آگے بڑھنے سے بھی اتفاق کیا ہے۔ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ اپنے دو ملکوں کے دورے کے پہلے مرحلے میں جناب مودی نے 10 سے 12 فروری تک فرانس کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران، انھوں نے فرانس کے صدر امینونویل میخوں کے ساتھ AI ایکشن سمٹ کی مشترکہ صدارت کی۔دونوں رہنماؤں نے Marseille میں بھارت کے نئے قونصلیٹ جنرل کا بھی مشترکہ طور پر افتتاح کیا۔x

## Shah New Criminal Law

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج نئی دلی میں مہاراشٹر کے وزیراعلیٰ دیویندر فڈنویس کے ساتھ ایک جائزہ میٹنگ منعقد کی اور ریاست میں تین نئے فوجداری قوانین کے نفاذ کا جائزہ لیا۔ یہ تین نئے فوجداری قوانین بھارتیہ

نیائے سنہیتا، بھارتیہ ناگرِک سرکشا سنہیتا اور بھارتیہ ساکشیہ ادھینیئم ہیں۔

میٹنگ کے دوران مہاراشٹر میں پولیس، جیلوں، عدالتوں، استغاثہ اور فورنسک سے متعلق نئے ضابطوں کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ میٹنگ میں جناب شاہ نے مہاراشٹر کے وزیراعلیٰ دیویندر فڈنویس سے کہا کہ وہ جتنی جلد ممکن ہو ریاست کے سبھی کمشنریٹس میں یہ تین نئے فوجداری قوانین نافذ کریں۔

انہوں نے مہاراشٹر حکومت پر زور دیا کہ وہ نئے فوجداری قوانین کی مناسبت سے استغاثہ نظام سے متعلق مثالی ڈائریکٹوریٹ نظام قائم کرے۔

مہاراشٹر کی DGP رشمی شکلا اور دیگر سینئر افسران نے بھی میٹنگ میں شرکت کی۔ یہ نئے فوجداری قوانین گذشتہ سال یکم جولائی کو ملک بھر میں نافذ کیے گئے ہیں جن کا مقصد بھارت کے قانونی نظام کو شفاف، موثر اور جدید معاشرے کی ضروریات سے ہم آہنگ کرنا ہے۔×

## CBSE Board Exam

ثانوی تعلیم کا مرکزی بورڈ کل سے دسویں اور بارھویں کلاس کے بورڈ امتحانات منعقد کر رہا ہے۔ دسویں کلاس کے امتحانات 18 مارچ کو اور بارھویں کلاس کے امتحانات چار اپریل کو ختم ہوں گے۔ 42 لاکھ سے زیادہ طلبا بھارت اور بیرونِ ملک 60 ہزار 842 امتحان مراکز میں امتحان دیں گے۔ امتحانات ایک ہی سیشن میں ساڑھے دس سے ڈیڑھ بجے تک ہوں گے۔

پیش ہے ہمارے نامہ نگار کی ایک رپورٹ......

VC Suparna

طلبا کو ایڈمٹ کارڈ رکھنا لازمی ہوگا کیونکہ یہ داخلہ کیلئے ضروری ہے۔ CBSE کی ہدایات کے مطابق قلم، پنسل، اریزر، جومیٹری بکس جیسی ضروری چیزیں ایک ایسی پاؤچ میں ہونی چاہئیں جو باہر سے بھی دیکھی جاسکتی ہیں۔ طلبا پانی کا ٹرانسپیرنٹ بوتل بھی اپنے ساتھ لاسکتے ہیں۔ طلبا کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ امتحان شروع ہونے سے 30 سے 45 منٹ پہلے مراکز پر پہنچ جائیں تاکہ کوئی پریشانی نہ ہو۔ موبائل فون، اسمارٹ گھڑیاں اور الیکٹرانک آلات امتحان ہال کے اندر ممنوع ہیں۔ اسی دوران، دلّی میٹرو نے طلبا کی آسانی کیلئے کئی اقدامات کئے ہیں۔ ایڈمٹ کارڈ والے طلبا کو میٹرو اسٹیشنوں پر سکیورٹی چیکنگ اور ٹکٹ خریدنے کے دوران ترجیح دی جائے گی۔

دلّی سے سپرنا سائیکیہ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں آفتاب احمد

## PM Mann ki Baat

وزیراعظم نریندر مودی 23 فروری کو آکاشوانی پر من کی بات پروگرام میں ملک اور بیرون ملک کے لوگوں کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 119 واں نشریہ ہوگا۔ لوگ مفت ٹیلی فون نمبر

ایک آٹھ صفر صفر ایک ایک سات آٹھ صفر صفر

پر، پروگرام کے لیے اپنے نظریات اور تجاویز بھیج سکتے ہیں۔ نریندر مودی ایپ یا MyGov اوپن فورم کے

ذریعے بھی اس کے لیے آن لائن وسیلے سے اپنے خیالات بھیجے جاسکتے ہیں۔ آئندہ اپی سوڈ کے لیے تجاویز اِس مہینے کی 21 تاریخ تک قبول کی جائیں گی۔

یہ پروگرام آکاشوانی اور دوردرشن AIR نیوز کی ویب سائٹ اور newsonair موبائل ایپ کے تمام تر نیٹ ورک پر نشر کیا جائے گا۔اِسے airnews، DD News، PMO اور اطلاعات و نشریات کی وزارت کے یوٹیوب چینلوں پر بھی براہ راست نشر کیا جائے گا۔ ہندی نشریے کے فوراً بعد آکاشوانی اس پروگرام کو علاقائی زبانوں میں نشر کرے گا۔ ×

## Makumbh Record Gathering

اور اب کچھ خبریں پریاگ راج میں جاری مہاکمبھ سے

Montage Opening

پریاگ راج میں جاری مہاکنبھ نے، 50 کروڑ سے زیادہ لوگوں کی راست شرکت کے ساتھ دنیا کی پہلی تقریب بن کر تاریخ رقم کی ہے۔ اب تک 50 کروڑ سے زیادہ عقیدتمند تروینی سنگم میں پوتر ڈبکی لگا چکے ہیں۔ آج شام چھ بجے تک 90 لاکھ عقیدتمندوں نے پوتر ڈبکی لگائی۔ اترپردیش حکومت نے کہا ہے کہ اِس میں لوگوں کی بڑی تعداد میں شرکت، کسی بھی مذہبی، ثقافتی یا سماجی تقریب کے لیے انسانی تاریخ میں سب سے بڑے اجتماع کی عکاس ہے۔ اترپردیش حکومت نے اِس بات کو اجاگر کیا ہے کہ امریکہ، روس، انڈونیشیا، برازیل، پاکستان اور بنگلہ دیش جیسے کم آبادی والے ممالک کے لوگوں نے بھی مہاکنبھ کے پوتر جل میں ڈبکی لگائی ہے۔×

## Mahakumbh

صفائی ستھرائی کرنے والے 300 سے زیادہ ورکروں نے آج صفائی ستھرائی کی ایک بڑی مہم چلائی تاکہ دریا کی صفائی کی اب تک کی سب سے بڑی مہم کا ایک عالمی ریکارڈ اور گنگا ندی کو صاف کرنے کیلئے بیداری پیدا کی جاسکے۔ صفائی ستھرائی کی یہ مہم مہاکنبھ میں سیکٹر چار کے رام گھاٹ، سیکٹر سات کے بھاردواج گھاٹ اور سیکٹر نو کے گنگیشور گھاٹ میں ایک ساتھ چلائی گئی۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ اِس مہم کی ویڈیو گرافی کے مشاہدے اور تصدیق کے بعد گنیز بُک آف ورلڈ ریکارڈ، ریکارڈ کا اعلان کرے گی۔

پیش ہے ایک رپورٹ............

VC Adarsh

یہ اہم کام میلہ انتظامیہ کی ہدایات کے تحت ہوا ہے جس میں تمام مطلوبہ طریقہ کار کو اختیار کیا گیا۔ آفیسر آن اسپیشل ڈیوٹی اکانشا رانا کے مطابق ایک عالمی ریکارڈ حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ، اِس مہم نے دریا اور گھاٹوں کی صفائی ستھرائی کو بحال کرنے کے بارے میں بیداری پیدا کی ہے۔ انھوں نے کہا کہ اِس کا مقصد پوتر دریاؤں کے تحفظ کے تئیں مہاکنبھ کے پُرزور عہد کی بھی عکاسی کرنا ہے۔

S/B Akansha Rana

پریاگ راج کے موتی لال نہرو نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی کے پروفیسرز اور ماحولیات کے ماہرین بھی عینی شاہدین کے طور پر موجود تھے۔ گنیز بک آف ورلڈ ریکارڈ کے نمائندے اب اِس کی تصدیق کریں گے کہ جس کے بعد یہ مہم دریا صاف کرنے کی اب تک کی سب سے بڑی مہم ہوگی۔
آدرش اور ابھیشیک کی رپورٹ کے ساتھ اردوخبروں کیلئے میں تنویر الفرید

## Scindia BSNL

حکومت کی ملکیت والے بھارت سنچار نگم لمیٹڈ، BSNL نے سال 2024-25 کی تیسری سہ ماہی کے دوران 262 کروڑ روپے کا منافع درج کیا ہے۔ یہ حصولیابی، عوامی شعبے کی کمپنیوں کومستحکم کرنے کے حکومت کے عزم کو ظاہر کرتی ہے اور سبھی کے لیے جامع، کفایتی اور قابل دسترس مواصلاتی خدمات کو یقینی بناتی ہے۔
نئی دلی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے مواصلات کے مرکزی وزیر جیوترادتیہ سندھیا نے کہا کہ سترہ سال میں پہلی مرتبہ BSNL نے سہ ماہی بنیاد پر منافع درج کیا ہے۔ جناب سندھیا نے مزید کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی نے ٹیلی مواصلات کے شبے کو بھارت کے ڈیجیٹل مستقبل کی شاہراہ قرار دیا ہے۔

S/B - Jyotiraditya Scindia

## RBI Appointment

ریزرو بینک آف انڈیا RBI نے جناب شری کانت کوممبئی کے نیو انڈیا کوآپریٹو بینک لمیٹڈ کا ایڈمنسٹریٹر مقرر کیا ہے۔ جناب شری کانت اسٹیٹ بینک آف انڈیا SBI کے سابق چیف جنرل مینیجر ہیں۔ مشیروں کی ایک کمیٹی بینک کے روز مرہ کے کام کاج میں اُنھیں تعاون دے گی جس میں SBI کے سابق جنرل مینیجر رَوِندر سَپرا اور چارٹرڈ اکاؤنٹینٹ Abhijeet دیشمکھ بھی شامل ہیں۔ RBI نے خراب کارکردگی کا حوالہ دیتے ہوئے بینک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو بھی 12 مہینوں کیلئے ہٹا دیا ہے۔ نقدی کے مسائل کی وجہ سے بینک سے کہا گیا ہے کہ وہ قرض اور ڈیپازٹ سمیت تمام کارروائیاں روک دے۔ اہل ڈیپازیٹر کو پانچ لاکھ روپئے تک کا بیمہ حاصل ہوگا۔x

## WPI Januaruy Data

کامرس اور صنعت کی وزارت کی طرف سے آج جاری اعداد وشمار کے مطابق بھارت کی تھوک قیمتوں کے انڈیکس WPI پر مبنی افراطِ زر جنوری 2025 میں کم ہوکر دو اعشاریہ تین ایک فیصد ہوگئی ہے، جو دسمبر 2024 میں دو اعشاریہ تین سات فیصد تھی۔ تھوک قیمت کے اشاریے میں بنیادی اشیا کی سالانہ شرح، جنوری میں گھٹ کر چار اَعشاریہ چھ نو فیصد ہوگئی جو دسمبر میں چھ اعشاریہ صفر دو فیصد تھی۔ ایندھن اور بجلی کے شعبوں میں جنوری میں دو اعشاریہ سات آٹھ فیصد کی تفریط زر ہوئی جبکہ اِس سے پہلے یہ تین اعشاریہ سات نو فیصد کی تھی۔ اعداد وشمار سے پتہ چلتا ہے کہ WPI خوراک انڈیکس پر مبنی افراطِ زر کی سالانہ شرح پچھلے مہینے کے دوران گھٹ کر سات اعشاریہ چار سات فیصد ہوگئی ہے جو دسمبر میں آٹھ اعشاریہ آٹھ نو فیصد تھی۔
اِسی دوران، مصنوعاتی اشیا کے زمرے میں افراطِ زر پچھلے مہینے کے دو اعشاریہ ایک چار فیصد کے مقابلے بڑھ کر دو اعشاریہ پانچ ایک فیصد ہوگئی ہے۔x

## NATIONAL GAMES Amit Shah

38ویں قومی کھیل کود مقابلے آج اتراکھنڈ کے ہلدوانی میں اختتام پزیر ہوئے۔ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ، کھیلوں کی اختتامی تقریب میں مہمان خصوصی تھے۔ اتراکھنڈ کو قومی کھیلوں کے کامیاب انعقاد کے لیے مبارکباد دیتے ہوئے وزیرداخلہ نے گرین گیمس پہل کی ستائش کی۔ اس موقعے پر انڈین اولمپک ایسوسی ایشن کی صدر پی ٹی اوشا نے قومی کھیلوں کے ختم ہونے کا باضابطہ اعلان کیا۔ وزیرداخلہ نے قومی کھیلوں کا پرچم میگھالیہ کے وزیر اعلیٰ کونارڈ سنگما کو سونپا۔ 39ویں قومی کھیل منعقد کرانے کے لیے میگھالیہ کو میزبان ریاست قرار دیا گیا ہے۔×

## WPL 2025

خواتین کے پریمئر لیگ، WPL 2025 کے تیسرے سیزن کا شروعاتی میچ رائل چیلنجرس بینگلورو ، RCB اور گجرات جائنٹس، GG ، کے درمیان جاری ہے۔ یہ میچ Vadodara کے Kotambi اسٹیڈیم میں کھیلا جا رہا ہے۔اس سال کے ایڈیشن میں بھارت کے چار شہروں Vadodara ، بینگلورو، لکھنؤ اور ممبئی سے پانچ ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں۔ یہ پانچ ٹیمیں ہیں رائل چیلنجرس بینگلورو، گجرات جائنٹس، ڈیلی کیپیٹلس، یوپی واریئرس اور ممبئی انڈیئنس۔ WPL ٹورنامنٹ، 15 مارچ تک جاری رہے گا۔ فائنل مقابلہ ممبئی کے Brabourne اسٹیڈیم میں 15 مارچ کو کھیلا جائے گا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆